


# سنسنی خیز قائداعظم ٹرافی 20-2019 کا آغاز ہفتے سے ہوگا

- 6 فرسٹ کلاس ٹیموں کے کپتان ٹورنامنٹ کے آغاز کے منتظر
- سنٹرل پنجاب اور سدرن پنجاب کے درمیان مقابلہ پی سی بی کے یوٹیوب چینل پر براہ راست نشر ہوگا
- ایبٹ آباد اور کراچی میں میچز کی تازہ ترین صورتحال پی سی بی کے سوشل میڈیا اکاونٹ پر جاری کی جائیں گی
- پی سی بی روزانہ انگریزی اور اردومیں میچ رپورٹ کے ساتھ ساتھ تصاویرجاری کرے گا
- دن کے اختتام پر پریس کانفرنسز کا اہتمام کیا جائے گا
- اسکور کارڈز، شیڈول، ٹیموں کی معلومات، کوچنگ اسٹاف، انعامی رقم اور میچ آفیشلز سمیت ایونٹ کی تمام تر تفصیلات پی سی بی کی آفیشل ویب سائٹ پر دستیاب ہے

**لاہور، 13 ستمبر 2019ء:**

ملک بھر کے بہترین کھلاڑیوں پر مشتمل 6 ٹیمیں ڈبل لیگ کی بنیاد پر 31 میچز میں مدمقابل آئیں گی۔ ایونٹ میں 2 کروڑ روپے کے نقد انعامات سمیت فاتح ٹیم کو چمچماتی ٹرافی تھمائی جائے گی۔ملک کا پریمیئر کرکٹ ٹورنامنٹ 14 ستمبر سے شروع ہوگا۔ 4 روزہ فرسٹ کلاس ٹورنامنٹ، قائداعظم ٹرافی، کےہفتے سے شروع ہونے والےپہلے راؤنڈ کے میچز 3 مختلف وینیوز پر کھیلے جائیں گے۔

پہلے راؤنڈ میں سنٹرل پنجاب اور سدرن پنجاب کی کرکٹ ٹیمیں ، قومی کرکٹ کے گھر، قذافی اسٹیڈیم لاہور میں مدمقابل آئیں گی۔ سنٹرل پنجاب کی قیادت بابر اعظم اور سدرن پنجاب کی کپتانی شان مسعود کریں گے۔

سرفراز احمد کی قیادت میں سندھ کرکٹ ٹیم بلوچستان کے خلاف میدان میں اترے گی۔

کراچی میں شیڈول میچ میں بلوچستان کرکٹ ٹیم کی قیادت مڈل آرڈر بیٹسمین حارث سہیل کریں گے۔ ایبٹ آبادکرکٹ اسٹیڈیم میں خیبرپختونخوا اور ناردرن کرکٹ ٹیموں کے درمیان مقابلہ ہوگا۔ خیبرپختونخوا کرکٹ ٹیم کی قیادت محمد رضوان کریں گے۔ عمر امین ناردرن کرکٹ ٹیم کی کپتانی کریں گے۔

قومی کرکٹ ٹیم کے 6 کھلاڑیوں سمیت پی سی بی سنٹرل کنٹریکٹ یافتہ دیگر کھلاڑی بھی قائداعظم ٹرافی کے دوران ایکشن میں نظر آئیں گے۔ ایونٹ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے قومی اور مقامی کرکٹرز آئندہ بین الاقوامی مقابلوں کے لیے قومی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ اور چیف سلیکٹر مصباح الحق کی توجہ حاصل کرنے کی کوشش کریں گے۔

مصباح الحق ایونٹ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کے ناموں پر مشاورت کے لیےتمام ٹیموں کےہیڈ کوچزپرمشتمل سلیکشن کمیٹی کی سربراہی کررہے ہیں۔ ارشد خان (بلوچستان)، اعظم خان (سندھ)، عبدالرحمٰن (سدرن پنجاب)، اعجاز احمد جونیئر(سنٹرل پنجاب)، محمد وسیم (ناردرن) اور کبیر خان (خیبرپختونخوا) سلیکشن کمیٹی کا حصہ ہیں۔

نئے ڈومیسٹک کرکٹ اسٹرکچرسےمعیاری کرکٹ کو فروغ ملے گا۔ سلیکشن کمیٹی قائداعظم ٹرافی میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کا انتخاب کرے گی جو قومی کرکٹ ٹیم کے متوازی اسکواڈ کی تشکیل کے ساتھ ساتھ قومی اور بین الاقوامی کرکٹ کے درمیان فرق کو کم کرنےمیں مدد دے گا۔

پی سی بی ایونٹ میں مقابلے کی فضاء بڑھانے کے لیےمعیاری پچز، کوکابورا کے گیند کا استعمال اور نو ٹاس کےقانون کو متعارف کروارہا ہے۔

علاوہ ازیں پاکستان کرکٹ بورڈنے تاریخ میں پہلی مرتبہ قائد اعظم ٹرافی کے ہر راؤنڈ کا ایک میچ آفیشل یوٹیوب چینل پر براہ راست نشر کرنے کا فیصلہ کیا ہے ۔ سنٹرل پنجاب اور سدرن پنجاب کے درمیان قذافی اسٹیڈیم لاہور میں شیڈول میچ سے لائیو اسٹریمنگ کا آغاز کیا جارہا ہے۔

قائداعظم ٹرافی کا فائنل میچ ٹی وی پر براہ راست نشر کیا جائے گا۔ 5 روزہ فائنل مقابلہ 9 سے 13 دسمبر نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کھیلا جائے گا۔

پاکستان کرکٹ بورڈ قائداعظم ٹرافی کو کھلاڑیوں کی میڈیا ٹریننگ کابھی اہم سبب سمجھتا ہے۔ یہاں کھلاڑی ہر میچ سے قبل اور میچ کے دوران ہر دن کے اختتام پر میڈیا نمائندگان

کے سوالات کے جوابات دیں گے۔ تمام پریس کانفرنسز اسٹیڈیم میں موجود میڈیا کانفرنس کے لیے مختص کمروں میں ہوں گی۔

قائداعظم ٹرافی کی سب سے بڑی خبر بگٹی اسٹیڈیم کوئٹہ میں میچز کا انعقاد ہے۔ اسٹیڈیم میں 11 سال بعد فرسٹ کلاس کرکٹ میچ کھیلا جائے گا۔رواں سیزن میں قائداعظم ٹرافی کے 4 میچز کی میزبانی بگٹی اسٹیڈیم کوئٹہ کو دی گئی ہے۔ان تمام میچز میں یہ اسٹیڈیم بلوچستان کرکٹ ٹیم کا ہوم وینیو مقرر کیا گیا ہے۔

پاکستان کرکٹ بورڈ نے ڈومیسٹک سیزن 20-2019 کا شیڈول قومی اور بین الاقوامی کرکٹ میں ربط کو مدنظر رکھ کر ترتیب دیا ہے۔ اس سلسلے میں قائداعظم ٹرافی کو 2 حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ قائداعظم ٹرافی کا پہلا حصہ4 راؤنڈزپر مشتمل ہوگا۔ اس کے بعد قومی ٹی ٹوئنٹی کپ کا آغاز کردیا جائے گا۔ ایونٹ 13 سے 24 اکتوبر تک جاری رہے گا۔ ٹورنامنٹ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑی ایچ بی ایل پی ایس ایل ڈرافٹ میں اپنا نام شامل کروانے کے ساتھ ساتھ نومبر میں آسٹریلیا کے خلاف سیریز کے لیے قومی کرکٹ ٹیم کا حصہ بن سکتے ہیں۔

بعدازاں ایک بار پھر قائداعظم ٹرافی کے بقیہ راؤنڈز کا کھیل شروع ہوجائے گا۔ ایونٹ کے پانچویں راؤنڈ کے میچز 28 اکتوبر سے شروع ہوں گے۔ یہ مقابلے طویل دورانیئے کی کرکٹ کھیلنے والے کھلاڑیوں کے لیے اہم ہوں گے۔بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کو آسٹریلیا کے خلاف ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں شرکت کا موقع دیا جاسکتا ہے۔ پاکستان اور آسٹریلیا کے خلاف پہلا ٹیسٹ 21 سے 25 نومبر تک برسبین جبکہ دوسرا 29 نومبر سے 3 دسمبر تک ایڈیلیڈ میں کھیلا جائے گا۔

قائداعظم ٹرافی کے فرسٹ اور سیکنڈ الیون کے میچز کا آغاز بیک وقت ہوگا۔3 روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ میں سیکنڈ الیون ٹیموں کے درمیان کل 30 میچز کھیلے جائیں گے۔ ایونٹ کا فائنل مقابلہ 4 روز پرمشتمل ہوگا جو 26 سے 29 نومبر تک اسٹیٹ بنک اسٹیڈیم کراچی میں کھیلا جائے گا۔

جدید طرز پر قائداعظم ٹرافی میں چند اصلاحات کے بعد تمام 6 ٹیموں کے کپتان ایونٹ میں اپنی ٹیم کی کامیابی کے حوالے سے پرامید ہیں۔

**بابر اعظم، کپتان سنٹرل پنجاب:**

سنٹرل پنجاب کرکٹ ٹیم کے کپتان بابراعظم کا کہنا ہےکہ وہ ڈومیسٹک اسٹرکچر میں تبدیلیوں کے بعد قائداعظم ٹرافی میں شرکت کے لیے پرجوش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایونٹ

میں شریک ہر ٹیم کے پاس بہترین کھلاڑی موجود ہیں۔ کوشش کریں گے کہ ہر میچ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کریں۔

**شان مسعود،کپتان سدرن پنجاب:**

سدرن پنجاب کرکٹ ٹیم کے کپتان شان مسعود کا کہنا ہے کہ 6 ٹیموں کی شرکت سے قائداعظم ٹرافی میں مقابلے کی فضاء بڑھے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایونٹ میں شریک ہر ٹیم کے پاس 3 سے 4 بہترین باؤلرز موجود ہیں۔

**سرفراز احمد، کپتان سندھ :**

سندھ کرکٹ ٹیم کے کپتان سرفراز احمد کا کہنا ہےکہ ملک بھر سے معیاری کرکٹرز کی ایونٹ میں شرکت مقابلے کی فضاء بڑھائے گی۔

**حارث سہیل، کپتان بلوچستان:**

بلوچستان کرکٹ ٹیم کے کپتان حارث سہیل کا کہنا ہے کہ وہ نئے ڈومیسٹک سیزن میں بلوچستان کرکٹ ٹیم کی قیادت کرنے لیے پرجوش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹورنامنٹ میں بہترین فرسٹ کلاس کرکٹرز کے درمیان مقابلے ہوں گے۔

**محمد رضوان، کپتان خیبرپختونخوا:**

خیبرپختوانخوا کرکٹ ٹیم کے کپتان محمد رضوان کا کہنا ہےکہ نئے ڈومیسٹک اسٹرکچر میں تبدیلیوں سےقومی کرکٹ کو فائدہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ فرسٹ اور سیکنڈ الیون کے ٹورنامنٹس کا بیک وقت آغاز نوجوان کھلاڑیوں کی صلاحیتوں میں نکھارلانے کے لیے مفید ثابت ہوگا۔

**عمر امین، کپتان ناردرن :**

ناردرن کرکٹ ٹیم کے کپتان عمر امین کا کہنا ہے کہ قائداعظم ٹرافی درحقیقت نوجوان کھلاڑیوں کے لیے ایک بہترین تجربہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ایونٹ میں سینئر کھلاڑیوں کی شرکت سے نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی اسکلز میں بہتری کا موقع ملے گا۔

**پہلے راؤنڈ کا شیڈول:**

سندھ بمقابلہ بلوچستان بمقام  یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس کراچی
سنٹرل پنجاب بمقابلہ سدرن پنجاب بمقام قذافی اسٹیڈیم لاہور
خیبرپختوانخوا بمقابلہ ناردرن بمقام ایبٹ کرکٹ اسٹیڈیم

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

## ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4